ilmkidunya

علم کی دنیا

Civics - FA Part 2 Civics Urdu Medium Chapter 3 Short Questions Test

Q1. طب کی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: لوگوں کی صحت بہتر بنانے اور بیماریوں کی روک تھام کے لیے طب کی تعلیم لازمی ہے.

Q2. صوبائی محکمہ صحت کی خدمات کیا ہیں.

Ans 1: صوبائی محکمہ صحت مریضوں کے لیے متعدد شفا بخش اور احتیاطی خدمات فراہم کرتا ہے.یہ کلینکس اور میٹرنٹی ہومز یا سینٹرز کے زریعے سر انجام دی جاتی ہیں.

Q3. صحت سےکیا مرادہے.

Ans 1: صحت سے مراد بیامری کی عدم موجودگی ہے. اگرا یک انسان کا جسم بیماری سے محفوظ ہو اور اس کا زہنی وریہ معتدل اور متوازن ہو تو اسے ایک صحتنت مند انسان کہا جائے گا.

Q4. رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: رسمی تعلیم سے مراد ایسی تعلیم ہے جو سکولوں، کالجوں، اور یونیورسٹیوں میں ایک مخصوص دورانیے اور درجے تک دی جاتی ہے. اس تعلیم کا سب سے اعلی درجہ ایم اے اور ایم ایس سی ہے. تاہم پی ایچ ڈی کی تعلیم کی سہولت بھی موجود ہے.

Q5. قانون کی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ملک میں قانون کی بالادستی قائم کرنے کے لیے ضروری ہے کہ لوگوں کو قانون سے آگاہی بنائی جائے اور قانون کا تحفظ کرنے والے بھی پیدا کئے جائیں.اس مقصد کے لیے قانون کی تعلیم دی جاتی ہے.

Q6. یونیورسٹی کی تعلیم سے کیا مرادہے.

Ans 1: یونیورسٹی کی تعلیم کا عرصہ چار سال ہے. دو سال میں بی.اے، بی ایس سی کیا جاتا ہے یہ تعلیم یونیورسٹی اور کالجوں میں بھی دی جاتی ہے.

Q7. حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے علم حاصل کرنے پر کیوں زور دیا.

Ans 1: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے علم حاصل کرنے پر اس لیے زور دیا کہ علم حلال اور حرام میں تمیز سکھاتا ہے. جنت کا راستہ دکھاتا ہے. اس کی برکت سے اللہ تعالی قوموں کو عروج عطا فرماتا ہے. اور سب سے بڑھ کر یہ کہ علم انبیائ کی میراث ہے.

Q8. پاکستان میں تعلیمی پسماندگی کی وجوہات بتائیں.

Ans 1: 1-معاشی مسائل 2- سیاسی عدم استحکام 3- آبادی میں اضافہ 4- فنی و سائنسی تعلیم کی کمی 5۔

Q9. فاصلاتی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: فاصلاتی تعلیم سے مراد گھر بیٹھے خط و کتابت کے زریعے تعلیم کا حصول ہے. اس قسم کی تعلیم کے لیے حکومت نے اسلام آباد میں پیپلز اوپن یونیورسٹی قائم کی. بعد میں اس کا نام بدک کر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی رکھ دیا گیا.

Q10. افراط آبادی سے کون سے مسائل پیدا ہورہے ہیں.

Ans 1: 1- عوام کا معیار زندگی پست ہورہا ہے. 2- خوراک کا معیار گھٹیا ہوتا جارہا ہے. 3- افراط ابادی نے پاکستان کے طبی ڈھانچے کو بالک مفلوج کرکے رکھ دیا ہے اور ملک بے شمار طبی مسائل کا شکار ہے. 4- تعلیمی سہولتوں میں کمی پیدا ہورہی ہے.